فوری ریلیز کے لیے: 3/10/2023 ***KATHY HOCHUL*** **گورنر**

گورنر HOCHUL، میئر BROWN اور 14/5 میموریل کمیشن نے ایک مستقل یادگار کے لئے ڈیزائن سے متعلق آئیڈیے جمع کروانے کے لئے درخواستیں دینے کا عمل شروع کرنے کا اعلان کر دیا

ڈیزائن سے متعلق آئیڈیے جمع کروانے کے لئے درخواستیں دینے کا عمل عوامی رائے شامل کرنے والی مہم کا اگلا مرحلہ ہے

آئیڈیے جمع کرانے کی درخواست یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul، میئر Byron W. Brown، اور 14/5 میموریل کمیشن نے ایک مستقل 14/5 یادگار کے لئے ڈیزائن سے متعلق آئیڈیے جمع کروانے کے لئے درخواستیں دینے کا عمل شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ کمیشن نے ڈیزائن سے متعلق آئیڈیے جمع کرانے کے لیے ہر عمر اور ہر پس منظر کے افراد کو دعوت دی ہے۔ آئیڈیے جمع کرانے کی درخواست کے دو مراحل ہوں گے: پہلا مرحلہ میموریل کے لیے وسیع تصورات اور ممکنہ لیڈ ڈیزائنرز کی شناخت کے لیے ایک کھلی کاروائی ہوگی۔ پھر جواب دہندگان کی ایک مختصر فہرست کا انتخاب کیا جائے گا تاکہ وہ سائٹ کے اصل حالات اور پیشہ ورانہ لاگت کے تخمینوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے حتمی ڈیزائن جمع کروائیں۔

"ہم بفیلو میں اپنے ان دس پڑوسیوں کو کبھی نہیں بھولیں گے جنہیں صرف اور صرف ان کی جلد کی رنگت کی وجہ سے بے حسی کے ساتھ قتل کیا گیا تھا، اور ہم مشرقی بفیلو میں رہنے والی کمیونٹی کی حمایت کرنے کے اپنے عزم مصمم پر ثابت قدم ہیں جو ابھی تک اس ہولناک، نسل پرستانہ اور دہشت گردانہ کاروائی کے اثرات سے نکلنے کی کوششیں کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں میئر Brown اور 14/5 میموریل کمیشن کے ممبران اور عوام کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ان مظلوم افراد کی زندگیوں اور میراثوں کا احترام کیا جنہیں ہم نے کھویا تھا اور ساتھ ہی اس سانحے سے متاثر ہونے والے کمیونٹی کے تمام افراد کا بھی احترام ملحوظ رکھا۔"

بفیلو کے میئر Byron Brown نے کہا، "اس عمل کے آغاز کے بعد سے، ہمارا مقصد ایک زندہ یادگار بنانا رہا ہے جو نفرت پر مبنی اس شیطانی عمل سے متاثر ہونے والے افراد اور جانوں کے احترام میں تعمیر کی جائے گی۔ میں عوام کی جانب سے پیش کیے جانے والے تمام ڈیزائن تصورات کو دیکھنے کا بہت شوق سے منتظر ہوں۔ مجھے اس کام پر فخر ہے جو 14/5 میموریل کمیشن نے گزشتہ چند مہینوں کے دوران یہ یادگار بنانے کے لیے کیا جس سے ان خاندانوں اور اس کمیونٹی کی خواہشات کی عکاسی ہو رہی ہے۔"

تجاویز اور گذارشات 1 نومبر سے 1 دسمبر 2023 تک قبول کی جائیں گی۔ مرحلہ 1 کی گذارشات کا جائزہ لیا جائے گا اور اس عمل کے حصہ 2 میں شامل ہونے کے لئے شارٹ لسٹ کیے گئے افراد کا انتخاب 23 جنوری، 2024 تک کر لیا جائے گا۔ گزارشات جمع کروانے کی درخواست یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

14/5 میموریل کمیشن کے چیئرمین ریورنڈ Mark E. Blue نے کہا، "ہم نے اب تک جو پیشرفت کی ہے اس سے ہمیں واقعی بہت حوصلہ ملا ہے اور ہم ڈیزائن کے آئیڈیاز کے سامنے آنے کے بہت شوق سے منتظر ہیں۔ میں عوام کا

مشکور ہوں کہ انہوں نے کمیونٹی کی آراء حاصل کرنے والی ہماری تقریبات میں شرکت کی اور ہمارے سروے میں حصہ لیا۔"

اس سال کے شروع میں، گورنر Hochul، میئر Brown اور 14/5 میموریل کمیشن نے عوام کی آراء حاصل کرنے والی مہم کے آغاز ک اعلان کیا جس میں عوامی کھلی کچہریاں اور کمیونٹی سروے بھی شامل تھے۔ 14/5 میموریل کمیونٹی سروے اب بھی کھلا ہوا ہے اور اس کے ذریعے عوام کو 14/5 میموریل میں شامل کیے جانے والے فیچرز اور عناصر کے بارے میں اپنے رائے دینے اور اپنے خیالات اور احساسات کا اظہار کرنے کا بہترین موقع مل رہا ہے۔ یہ سروے 1 نومبر تک کھلا رہے گا۔ 14/5 میموریل کمیشن اور 14/5 سروے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.514memorial.com ملاحظہ کریں۔

14/5 میموریل کمیشن
یہ کمیشن اکتوبر 2022 میں گورنر Hochul اور میئر Brown کی جانب سے جیفرسن ایونیو پر واقع ٹاپس فرینڈلی مارکیٹ میں مئی 2022 میں ہونے والے فائرنگ کے ہیبت ناک واقعے کے جواب میں قائم کیا گیا تھا۔ 14/5 میموریل کمیشن گیارہ اراکین پر مشتمل ہے جن میں سے پانچ اراکین کی تعیناتی گورنر نے کی ہے اور پانچ اراکین کی تعیناتی سٹی آف بفیلو کے میئر Byron Brown نے کی ہے، جبکہ ایک رکن ان دونوں نے مشترکہ طور پر تعینات کیا ہے۔ بفیلو NAACP کے صدر ریورنڈ Mark E. Blue ان دیگر اراکین کے ساتھ کمیشن کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں جن میں متاثرین اور زندہ بچ جانے والوں کے خاندان کے افراد، رہائشی، مقامی فنکار، اور کاروباری رہنما شامل ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں